اردو

# نیکیوں کے پہاڑ

جب ہم حرمین شریفین میں ہوتے ہیں، تو بکثرت درجنوں مسلمانوں کے جنازے دیکھنے میں آتے ہیں۔ آپ خود کو اس عظیم موقع سے محروم نہ کریں، کیونکہ آپ کو اللہ کی طرف سے خیرِ کثیر اور کئی پہاڑوں کے برابر ثواب ملے گا۔

## حرمین (مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ) میں نمازِ جنازہ کی فضیلت

(1) سب سے زیادہ راجح قول:

اگر ایک نماز کے بعد کئی جنازے حاضر ہوجائیں تو ان کا ثواب بڑھ جاتا ہے؛ کیونکہ حدیث میں ثواب کو جنازے سے جوڑا گیا ہے، جیسا کہ حدیثِ نبوی ہے کہ:

ترجمہ: جو شخص جنازے میں نماز جنازہ پڑھنے تک حاضر رہے، تو اس کو ایک پہاڑ کے برابر ثواب ملے گا۔(من شهد الجنازة حتى يصلى عليها فله قيراط).

(۲) سب سے زیادہ راجح قول:

حرمین شریفین میں فرض نماز کی ادائیگی پر ثواب میں اضافے کی فضیلت میں جو احادیث منقول ہیں، وہ سب اپنے معنی و مفہوم میں عمومیت کا پہلو رکھتی ہیں، لہذا ان میں نمازِ جنازہ کی ادائیگی بھی شامل ہوگی۔

دو سابقہ نکات سے یہ نتیجہ نکلتا ہے:

کہ جو شخص حرم مکی میں ایک نماز جنازہ پڑھتا ہے، تو اس کو ایک لاکھ پہاڑ کے برابر ثواب ملے گا۔ اب اسی ثواب کو جنازوں کی تعداد پر ضرب دیتے رہو۔

یہ بہت بڑا ثواب ہے۔ اللہ تعالی کا شکر ہے کہ اس نے ہمیں اپنے اس فضل و کرم سے نوازا۔

Dr. Aḥmad ibn Muḥammad Al-Khalīl t.me/alkhalil_1
ترجمہ: Al-Andalus Group for Islamic Translation
www.alandalusgroup.co.uk
+447759998784